MZK / Shabbir

15-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایران اور اسرائیل کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ انہوں نے کشیدگی سے گریز کرنے اور سفارتکاری کا راستہ اختیار کرنے پر زور دیا۔

2 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے انعقاد میں تین دن باقی رہے گئے ہیں، اِس دوران چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔

3 مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ریلیوں کے انعقاد کیلئے مختلف ریاستوں کا دورہ کررہے ہیں۔

4 بھارت کے محکمہ موسمیات نے شمال مغربی بھارت میں اگلے چوبیں گھنٹے کیلئے بارش اور تیز ہواؤں کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5 اور IPL کرکٹ میں

ممبئ میں چنئی سپرکنگس نے ممبئ انڈینس کو 20 رن سے، جبکہ کولکاتہ میں، کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے لکھنؤ سپرجائنٹس کو آٹھ وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Jaishankar Iran FM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل شام ایران اور اسرائیل کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ ایران کے وزیر خارجہ حسین امیر **Abdollahian** کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بحری جہاز **MSC Aries** کے بھارتی عملے کے **17** ارکان کی رہائی کے معاملے پر اٹھایا۔ انھوں نے خطے میں موجودہ صورتحال پر بھی بات کی۔
ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کشیدگی سے بچنے، صبروتحمل کا مظاہرہ کرنے اور سفارتکاری کے طریقے کو اپنانے کی اہمیت پر زور دیا۔
دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے سے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔
ادھر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل اسرائیل کے اپنے ہم منصب Israel Katz کے ساتھ بھی ٹیلی فون پر گفتگو کے دوران خطے میں حالیہ پیش رفت پر بھارت کی تشویش سے آگاہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر گفتگو کی۔
اس کے علاوہ انھوں نے ایک دوسرے سے رابطے میں رہنے پر بھی اتفاق کیا۔x

US Israel

امریکی افسران نے کہا ہے کہ صدرجوبائیڈن نے، اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نتن یاہو سے کہا ہے کہ امریکہ، ایران کے

خلاف کسی بھی حملے میں شامل نہیں ہوگا۔ کل رات مبینہ طور پر اسرائیل پر 300 سے زیادہ ڈرون اور میزائل داغے گئے، جس کے بارے میں ایران نے کہاکہ یہ حملہ، شام میں اُس کے قونصل خانے پر یکم اپریل کو کئے گئے حملے کے جواب میں کیاگیاہے۔ اسرائیل، امریکہ اور اتحادی فوجیوں نے تقریباً ان سبھی ہتھیاروں کو اِن کے نشانے تک پہنچنے سے پہلے ہی مار گرایا۔ افسران نے کہاکہ صدر بائیڈن نے اسرائیل سے زور دے کرکہاہے کہ وہ اپنے ردِّعمل پر سنجیدگی سے غوروخوض کرے۔

ایک سینئر انتظامی افسر نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ جناب بائیڈن نے، اسرائیل کے وزیراعظم سے کہا ہے کہ وہ اس بارے میں کافی سنجیدگی سے اور حکمت عملی کے طور پر غوروخوض کریں کہ اس قدم کا جواب اُن کی فوجیں کیسے دیں گی جبکہ یہ ایک ایسا حملہ ہے جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی اور یہ اِس ملک پر ایران کی طرف سے پہلا براہ راست حملہ ہے۔

ایران کی اِس جوابی کارروائی کے دوران اُس کی طرف سے داغے گئے میزائل، ڈرون اور کروز میزائلوں میں سے تقریباً 99 فیصد کو یا تو مار گرایاگیا یا فضا میں ہی تباہ کردیاگیا، جو امریکی افسران کے مطابق اِس بات کا اشارہ ہے کہ اسرائیلی فوج کو ایران پر فوقیت حاصل ہے۔

امریکہ نے، ایران کے فضائی حملے کو ناکام بنانے کیلئے اسرائیل کی مدد میں اپنے رول کا ذکر کیا، جیسا کہ صدر جوبائیڈن نے خطے میں ایک وسیع تر کشیدگی کو روکنے اور عالمی سطح پر تہران کی مذمت کرنے کی ایک کوشش میں، سات ملکوں کے گروپ کے رہنماؤں سے بات چیت کی۔×

**LS Campaign**

انتخابی مہم اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے جبکہ لوک سبھا چناؤ کے پہلے مرحلے کے لیے محض تین دن بچے ہیں۔ چناؤ کے پہلے مرحلے کے لیے اس ماہ کی **19** تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے مختلف ریاستوں میں چناؤ ریلیاں کر رہے ہیں۔

انتخابی مہم کیرالہ میں منتقل ہوجائے گی جہاں BJP کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ کانگریس رہنما راہل گاندھی آج ریاست میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ اس کے بعد ریاست میں انتخابی مہم میں تیزی آنے کا امکان ہے۔

مزید تفصیل کوچی کے ہمارے نامہ نگار سے

Raj Mohan

*وزیراعظم نریندرمودی آج صبح **Alathur** کے نزدیک **Kunnamkulam** ریزویسٹ سے **NDA** کے امیدوار ڈاکٹر **TN Sarasu** کی حمایت میں ایک پبلک میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد **Attingal** سے این ڈی اے کے امیدوار کیلئے تھرواننتا پورم کے **Kattakada** میں وہ ایک پبلک میٹنگ میں شرکت کریں گے۔**NDA** نے بی جے پی لیڈر اور ریاست کے وزیرخارجہ وی مرلی دھرن کو **Attingal** سے اپنا امیدوار بنایاہے۔ اس کے علاوہ وزیراعظم تمل ناڈو کے **Thirunelveli** میں بھی ایک پبلک میٹنگ میں شرکت کریں گے۔اس دوران کانگریس لیڈر راہل گاندھی آج شام کوزی کوڈ میں **UDF** کی ایک بڑی ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ آج اور کل وائناڈ میں مختلف ریلی میں شرکت کریں گے جہاں سے وہ دوبارہ انتخابی میدان میں ہیں۔**LDF** کے رہنما سیتارام یچوری، پرکاش کرات، برانداکرات، سبھاشنی علی اور تپن سین بھی اس ہفتے انتخابی مہم میں شامل ہوں گے۔*

*کوچی سے راج موہن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں توحیدحقانی*

## Tripura Election

تریپورہ میں چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما، ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کی آخری کوششوں میں مصروف ہیں کیونکہ پہلے مرحلے کے انتخابات کیلئے چناؤ مہم ختم ہونے میں محض دو دن باقی رہ گئے ہیں۔

پہلے مرحلے میں تریپورہ ویسٹ حلقے میں، 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

ریاست کی راجدھانی اگرتلہ میں بڑے پیمانے پر سیاسی سرگرمیاں جاری ہیں۔ کانگریس رہنما پرینکا گاندھی واڈرا 16 اپریل کو روڈ شو کریں گی۔ بی جے پی کی سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندرمودی 17 اپریل کو بڑے پیمانے پر ایک ریلی کا انعقاد کریں گے اور ریاست میں اسی دن چناؤ مہم ختم ہوجائے گی۔

سینئر بی جے پی رہنما اور وزیرداخلہ امت شاہ تریپورہ ایسٹ لوک سبھا حلقے سے پارٹی امیدوار Kriti دیوی دیب برمن کیلئے آج صبح ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ یہ ریلی اُناکوٹی ضلع کے کمار گھاٹ علاقے میں منعقد کی جائے گی۔

تریپورہ ایسٹ حلقے کیلئے کُل 9 امیدوار میدان میں ہیں۔ البتہ اصل مقابلہ بی جے پی امیدوار Kriti دیوی دیب برمن اور سی پی آئی ایم کے انڈیا بلاک کے امیدوار راجیندر ریانگ کے درمیان ہے۔

اس کے علاوہ پولنگ ڈیوٹی پر تعینات عملے، پولیس عملے اور لازمی خدمات پر معمور افراد کیلئے بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا عمل اگلے تین دن یعنی 17 اپریل تک جاری رہے گا۔ ایسا پہلی بار ہے کہ تریپورہ میں تسلیم شدہ میڈیا عملے کو بھی، بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹ ڈالنے کی سہولت حاصل ہوگی۔

تریپورہ ایسٹ پارلیمانی حلقے میں 85 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں اور معذور افراد کیلئے گھر سے ہی ووٹ ڈالنے کی سہولت 17 اور 18 اپریل کو مہیا رہے گی۔x

## Bihar Constituency

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں پورنیہ، بھاگلپور، **Banka** اور **Katihar** کی چار دیگر سیٹوں کے ساتھ ساتھ بہار کے کشن گنج پارلیمانی حلقوں میں **26** اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اقلیتی اکثریت والی کشن گنج لوک سبھا سیٹ میں کشن گنج ضلع کے چار اور پورنیہ ضلع کے دو اسمبلی حلقے آتے ہیں، اپنی مقامی پوزیشن کی وجہ سے کشن گنج شمالی مشرق کا ایک اہم راستہ بھی کہلاتا ہے۔**x**

**V/C Dharmendra Rai**

*سیمانچل بہار کے کشن گنج پارلیمانی حلقے میں اِس سیٹ پر **2019** کے لوک سبھا چناؤ کی طرح سخت مقابلہ دیکھنے کو مل سکتا ہے۔ اس پارلیمانی سیٹ کے **16** لاکھ سے زیادہ ووٹرس **12** امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ کانگریس کے موجودہ ایم پی ڈاکٹر محمد جاوید، **JDU** کے امیدوار مجاہد عالم اور **AIMIM** کے امیدوار اختر الایمان اہم امیدواروں میں شامل ہیں۔ کانگریس **JDU** اور **AIMIM** میں ووٹوں کی تقسیم کی وجہ سے **2019** کے لوک سبھا چناؤ میں نتیجے کا فیصلہ بہت ہی کم ووٹوں سے کیا گیا تھا۔ **2009** کے بعد سے کانگریس نے اس سیٹ کی نمائندگی کی ہے۔ ماضی میں تین مرتبہ اس سیٹ پر محمد تسلیم الدین نے نمائندگی کی جبکہ **1999** میں **BJP** لیڈر سید شاہنواز حسین نے اس سیٹ پر نمائندگی کی تھی۔*

*ترقی کی رفتار میں کمی، بنیادی ڈھانچ سے متعلق مسائل اور سیلاب کی پریشانیوں کی وجہ سے یہ پارلیمانی حلقہ بہت عرصے سے پریشانیوں کا شکار ہے۔*

*پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر*

**Cong List**

کانگریس نے کل لوک سبھا چناؤ کے لیے، مزید دس امیداوروں کے ناموں کا اعلان کیاہے۔ پنجاب کے نائب وزیراعلیٰ چرن جیت سنگھ **Channi**، جالندھر سے چناؤ لڑیں گے۔ پارٹی نے شمالی مشرقی دلی سیٹ سے، کنہیا کمار کو کھڑا کیا ہے جبکہ چاندنی چوک حلقے سے، جے پی اگر وال چناؤ لڑیں گے۔

جبکہ الہ آباد سے **Ujjwal Rewati Raman** سنگھ پارٹی کے امیدوار ہیں۔**x**

پارٹی نے اوڈیشہ میں اسمبلی چناؤ کے لیے **75** امیدواروں کی ایک فہرست بھی جاری ہے۔ پردیش کانگریس کمیٹی کے سابق لیڈر **Jaydev Jena** آنند پور سے چناؤ لڑیں گے۔ پارٹی نے سابق اسمبلی رکن **Debasis** پٹنائک کو **Banki** سیٹ سے کھڑا کیا ہے۔**x**

**Rajasthan Election**

راجستھان میں کانگریس، بی جے پی اور دیگر سیاسی پارٹیوں نے چناؤ کے پہلے مرحلے کے لیے انتخابی مہم میں اپنی پوری طاقت لگادی ہے۔ سینئر **BJP** لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ آج جے پور میں ایک روڈ شو کی قیادت کریں گے۔ یہ روڈ شو **Sanganeri Gate** سے **Chhoti Chopar** تک فصیل بند شہر کے مختلف علاقوں سے گزرے گا۔

بی جے پی کے دیگر سینئر لیڈران کے علاوہ کانگریس لیڈر بھی اپنی اپنی پارٹیوں کے لیے انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Jitendra Dwivedi**

*بی جے پی نے آج اپنے سبھی سینئر لیڈروں کو انتخابی مہم میں لگا دیا ہے۔ وزیراعلیٰ بھجن لال شرما آج صبح بھرت پور میں ایک روڈ شو کریں گے، نائب وزیراعلیٰ دیا کماری ناگور میں ایک جلسہ عام میں شرکت کریں گے۔ ان کے علاوہ ریاستی سرکار کے سبھی وزراء اور سابق وزراء مختلف مقامات پر پارٹی کے لیے انتخابی مہم کے پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ کانگریس کی جانب سے ریاستی صدر گووند **Dotasara** آج **Sikar** ضلع میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ سابق وزیراعلیٰ اشوک گہلوت اور سابق نائب وزیراعلیٰ سچن پائلٹ مختلف مقامات پر انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔*

*جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر*

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے چوبیس گھنٹے کے لیے شمال مغربی بھارت میں جاری بارش کے ساتھ، دھول بھری آندھی یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور اولہ باری کے جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت،بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آج **40** کلومیٹر فی گھنٹے کے رفتار سے تیز ہوائیں چلنے، دھول بھری آندھی اور بجلی کڑکنے کے ساتھ اوسط درجے تک بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ مغربی اترپردیش میں پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں آج بجلی کڑکنے **40** کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے طوفان اور تیز ہوائیں چلنے کے ساتھ دور دراز کے علاقوں میں بارش ہونے کا امکان ہے۔

اسی دوران **IMD** نے کہا ہے کہ دلی میں آج ہلکی بارش کے ساتھ عام طور پر آسمان میں بادل چھائے رہیں گے۔ قومی راجدھانی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرات آج دن کے وقت **33** ڈگری رہنے کا امکان ہے۔

**IPL**

**IPL** کرکٹ میں کل رات کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگس نے ممبئی انڈینس کو **20** رن سے ہرا دیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے چنئی سپر کنگس نے کپتان **Ruturaj Gaikwad** کی شاندار بلے بازی اور**69** رن کی بدولت، **20** اوورس میں چار وکٹ پر **206** رن بنائے۔ جواب میں ممبئی کی ٹیم **20** اوورس میں چھ وکٹ پر **186** رن ہی بنا سکی۔
اِس دوران **Matheesha Pathirana** کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔
اس سے پہلے کل کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں پہلے میچ میں کولکتہ نائٹ رائڈرس نے لکھنو سپر جائنٹس کو آٹھ وکٹ سے شکست دی۔
آج شام ساڑھے سات بجے بینگلورو کے، ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رایل چیلنجر بینگلورو کا مقابلہ سن رائزر حیدرآباد سے ہوگا۔**x**

**Israel Attack**

ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد **Bagher Ghaliabaf** نے کہا ہے کہ دمشق میں ایران کے سفارتخانے پر اسرائیلی حملے کے جواب میں ایران کی جوابی فوجی کارروائی اُن اصولوں کے مطابق ہے جس کا ذکر اقوام متحدہ کے چارٹر میں کیا گیاہے۔
ایران کی پارلیمنٹ کے کھلے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے **Ghaliabaf** نے کہا کہ اگر صیہونی نظام یا اس کے اتحادی مزید اشتعال انگیز کارروائی کرتے ہیں تو اس صورت میں انھیں سخت جواب دیا جائے گا۔
ایران کے سفیر اور اقوام متحدہ میں مستقل نمائندے امیر سعید **Iravani** نے کہا ہے کہ ایران پوری مضبوطی کے ساتھ کھڑا ہے اور مستقبل میں، اسرائیل کی کسی بھی فوجی جارحیت کا موثر اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔**x**

یہ تھیں خبریں

**PRESS COMMENTS**

## اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید

شکریہ -اسلم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایاہے۔
بھارتیہ جنتا پارٹی کے جاری کردہ انتخابی منشور کی خبر کو سبھی اخباروں نے سرخی بنایاہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے'بھارتیہ جنتا پارٹی کا انتخابی منشور جاری، مودی کی گارنٹی 2024 میں غریبوں، نوجوانوں، کسانوں اور خواتین پر خاص توجہ'۔ روزنامہ پرتاپ نے لکھا ہے بھاجپا کے سنکلپ پتر میں نوجوانوں اور دلتوں کی بہبود کیلئے پی ایم کی گارنٹی۔
ایران کی طرف سے اسرائیل پر ڈرون اور میزائل حملے کی خبرکو بھی تمام اردو اخبارات نے پہلے صفحے پر شائع کیاہے۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے 'ایران کا اسرائیل پرحملہ، ڈرون اور میزائل داغے، امریکہ کو بھی دھمکی، اسرائیل کے جوابی حملے کا اندیشہ، سلامتی کونسل یوروپی یونین اور جی۔7کے اجلاس طلب'۔
روزنامہ انقلاب نے اقوام متحدہ کے سکریٹری انٹونیوگوتریس کے اس بیان کو شائع کیا ہے کہ دنیا ایک اور جنگ کی متحمل نہیں ہوسکتی جبکہ روزنامہ پرتاپ نے ایئرانڈیا کی اسرائیل جانے والی پروازوں کو منسوخ کرنے کی خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔
اس کے علاوہ DRDO کے پوکھرن میں پورٹیبل اینٹی ٹینک گائڈ میزائل وپین سسٹم کے کامیاب تجربے کی خبر کو روزنامہ

پرتاپ نے پہلے صفحے پر شائع کیاہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایران اور اسرائیل کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ انہوں نے کشیدگی سے گریز کرنے اور سفارتکاری کا راستہ اختیار کرنے پر زور دیا۔

2 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے انعقاد میں تین دن باقی رہے گئے ہیں، اِس دوران چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔

3 مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ریلیوں کے انعقاد کیلئے مختلف ریاستوں کا دورہ کررہے ہیں۔

4 بھارت کے محکمہ موسمیات نے شمال مغربی بھارت میں اگلے چوبیس گھنٹے کیلئے بارش اور تیز ہواؤں کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

5 اور IPL کرکٹ میں

ممبئی میں چنئی سپرکنگس نے ممبئی انڈینس کو 20 رن سے، جبکہ کولکاتہ میں، کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے لکھنؤ سپرجائنٹس کو آٹھ وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---